26/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل اندرابی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ وزیر اعظم نریندر مودی نے حال ہی میں تعینات کئے گئے 51 ہزار نوجوانوں میں کئے تقرر نامے تقسیم // ملک کی تیز تر ترقی میں نوجوانوں کے رول کو کیا اُجا گر۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے رام بن میں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے بعد ریلیف اور باز آباد کاری کام کا لیا جائزہ ۔

*........ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے مہاراجہ ہری سنگھ جی کو ان کی برسی پر کیا خراج عقیدت ادا ۔

اور

*........ جموں کشمیر سے باہرکشمیری طلباءاور تاجروں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے متعدد کابینی وزراءکا مختلف ریاستوں کا دورہ ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جب نوجوان قوم کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں تو ملک تیزی سے ترقی کے منازل طے کر کے پوری دنیا میں ایک قا بل فخر مقام حاصل کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی کا راز نوجوانوں کی محنت ، لگن اور اختراعیت میں مضمر ہے ۔

وزیر اعظم نے ان باتوں کا اظہار آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 15 ویں روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اس دوران مختلف محکموں میں نئے تعینات کئے گئے نوجو انوں میں 51 ہزار سے زائد تقرر ی نامے تقسیم کئے گئے ۔ انہوں نے کہا کہ ان نوجوانوں پر ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ملک کے اقتصادی منظر نامے کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ داخلی

سلامتی کو یقینی بنانے نیز بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے میں اپنا مثبت رول اد ا کریں ۔ انہوں نے کہا ۔

اقوام متحدہ

اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی ہے ۔ ایک بیان میں کونسل ممبران نے کہا کہ دہشت گردی عالم امن کے لئے ایک بڑا خطرہ ہے اور تمام صورتوں میں اس کا مقابلہ کیا جانا چاہئے ۔ کونسل نے قصورواروں اور ان حملوں کے اعانت کاروں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کرنے پر زور دیا ۔

اقوام متحدہ کے ترجمان **Stephane Dujarric** نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ سیکورٹی کو نسل لگاتار صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہے اور بھارت اور پاکستان پر زور دیا گیا ہے کہ وہ صبر و تحمل سے کام کریں اور تناو کو بڑھانے سے اجتناب کریں ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے تمام افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ لازمی کاروائی کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ وزارت داخلہ کی طرف سے مقرر کی گئی ڈیڈ لائن کے مطابق پاکستانی شہریوں کی واپسی ہو ۔

جموں کشمیر کے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں اور ایس ایس پیز کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے اس ضمن میں تمام سلا متی اقدامات اور طور طریقوں کو بروئے کار لانے پر زور دیا ۔

خراج

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مہاراجہ ہری سنگھ جی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک پیغام میں ایل جی نے مہاراجہ ہری سنگھ کو ایک ترقی پسند دانشور قرار دیا جنہوں نے سماجی اصلاحات کو یقینی بنانے نیز حکمرانی کے عمل میں اختراعیت کو یقینی بنانے میں کلیدی رول ادا کیا ۔

وزیر اعلیٰ-1

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج رام بن میں ایک جائزہ میٹنگ کے دوران وہاں حالیہ بارشوں اور سیلاب کے بعد سے زمینی سطح پر صورتحال کا جائزہ لیا ۔

اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریلیف ، بحالی اور باز آبادکاری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ۔ انہوننے کہا کہ حکومت ہر ایک متاثرہ کنبے کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی ۔

ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا ۔

---(CM)--

وزیر اعلیٰ2

وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ جامع مسجد سرینگر میں پہلگام حملے کے خلاف دو منٹ کی خاموشی اختیار کرنا پہلگام دہشت گردانہ حملے کی شدت بیان کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے لو گوں نے پوری دنیا کو ایک واضح اور مسمم پیغام دیا ہے کہ ہم دہشت گردی کو مستر د کرتے ہیں اور ہم صرف اور صرف امن کے پیرو کار ہیں ۔ انہوں نے کہا ۔

وزراءدورہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد ملک کے مختلف حصوں میں کشمیری طلباءاور تاجروں کو مبینہ طور حراساں کرنے کے معاملات سامنے آنے کے بعد کئی وزراءکو مختلف شہر وں کے لئے روانہ کر دیا ہے تاکہ وہاں موجود کشمیریوں میں احساس سلامتی پیدا ہو سکے۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی کے طور پر نائب وزیر اعلیٰ سرندر کمار چودھری نے ممبئی کا دورہ کیا ۔ جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے لکھنو کا دورہ کیا جبکہ ایک اور کابینی وزیر سکینہ ایتو نے آج چندی گڑھ کا دورہ کیا جبکہ خوراک اور سول سپلائیز کے وزیر ستیش شرما دہرا دون پہنچ گئے ہیں۔

اس دوران انہوں نے وہاں کشمیری طلباءاور تاجروں کے ساتھ بات کی اور ان کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ یہ وزراءان ریاستوں میں وہاں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ بھی ملاقات کر رہے ہیں تاکہ کشمیری طلباءاور تاجروں کے لئے سلامتی کے پختہ انتظامات کئے جا سکیں ۔

سیاح

پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد اگر چہ وادی میں سیاحوں کی تعداد میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے تاہم کئی ایک سیاح بلا کسی خوف و خطر کے مختلف سیاحتی مقامات کی سیر کر کے یہاں کی خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں ۔

یہ سیاح مقامی لوگوں کی نرم دلی اور مہمان نوازی سے کافی متاثر ہیں ۔ کئی ایک سیاحوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

**JDU**

سرینگر میں آج جنتا دل یونائٹڈ جمونو کشمیر کے ایگزیکٹیو لیڈروں کی ایک میٹنگ پارٹی صدر جی ایم شاہین کی صدارت میں منعقد ہوئی ۔ اس موقعے پر پہلگام دہشت گردانہ حملے کی سخت مذمت کی گئی۔ جی ایم شاہین نے ان ہلاکتوں کو انسانیت کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے عوام دکھ کی اس گھڑی میں متاثرہ کنبوں کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے۔

بعد میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

**--(G.M Shaheen)--**

**جا وید احمد ٹینگہ**

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کا ایک وفد جاوید احمد ٹینگہ کی قیادت میں راج بھون میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقاتی ہوا۔ ملاقات کے دوران وفد نے کہا کہ کاروباری برداری پہلگام دہشت گردانہ حملے کی پُر زور الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور وہ مہلوکین کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔ وفد نے ملک کے مختلف حصوں میں کشمیری طلبائ، تاجر اور دیگر کام کر رہے لوگوں کو حراساں کئے جانے پر تشویش کا اظہار کیا اور لیفٹنٹ گورنر سے اس سلسلے میں موثر اقدامات کرنے کی اپیل کی تاکہ جمونو کشمیر سے باہر رہ رہے کشمیریوں کو حراساں کرنے کے واقعات پیش نہ آئیں۔

**NC**

لوگوں کے لئے بنیادی سہولیات میسر رکھنا اور ان کی راحت رسانی کرنا عمر عبداللہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس تعلق سے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے جدڈی بل تنویر صادق نے بہرار لال بازار میں ایک واٹر ٹینک کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد کیا ۔ اس دوران انہوں نے مختلف مقامات پر لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حا صل کی ۔

نیشنل کانفرنس کے ایک وفد نے آج ایم ایل اے پہلگام الطاف احمد کلو کی صدارت میں ہاپت ناڑ پہلگام جا کر وہاں پہلگام حملے میں جان بحق ہوئے عادل شاہ کے گھر جا کر ان کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ۔

**کانگریس وفد**

دریں اثناءپردیش کانگریس کے صدر طارق حمید قرہ کی صدارت میں کانگریس کے ایک وفد نے بھی مرحوم کے گھر جا کر سوگواروں کی ڈھارس بندھائی ۔ وفد نے اس موقعہ پر کہا کہ عادل حسین شاہ کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا ۔

**ست شرما**

بی جے پی کے صدر ست شرما نے آج جموں میں تریکوٹہ نگر ویلفیر سوسائٹی کے 32ویں یوم تاسیس کی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقعے پر وہاں موجود لیڈروں اور لوگوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں جاں بحق ہوئے افراد کو خراج عقیدت ادا کر تے ہوئے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی۔

**بریک**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**جنگ بندی**

وادی کے مختلف علاقوں میں لائن آف کنٹرول پر گزشتہ رات پاکستان کی طرف سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی گئی ۔ سرحد پار کی بلا اشتعال فائرنگ کا بھارتی فوجیوں نے موثر جواب دیا تاہم بھارتی علاقے میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

دریں اثناءفوج اور دیگر سلامتی ایجنسیاں پہلگام دہشت گردانہ حملے کے مختلف پہلووں پر کام کر رہی ہیں ۔ قصورواروں کو ڈھونڈ نکالنے کے لئے جنوبی کشمیر کے مختلف اضلاع میں تلاشی کاروائیاں عمل میں لائی جا رہی ہیں ۔قومی تحقیقاتی ایجنسی کی ایک خصوصی ٹیم پہلے ہی اس حملے کی تحقیقات میں جُٹی ہوئی ہے ۔

**ایڈوائزری**

**اطلاعات و نشریات کی وزارت نے تمام میڈیا چینلوں کو ایک ایڈوائزری جا ری کرکے اُن سے کہا ہے کہ وہ دہشت گردی مخالف کاروائیوں اور سیکورٹی فورسز کی نقل و حمل کی لائیو کوریج کو قومی سلامتی مفادات کےلئے نہ دکھائیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ میڈیا ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور افراد قومی سلامتی کو تحفظ دینے میں کلیدی رول ادا کر تے ہیں۔ وزارت نے چینلوں سے مزید کہا ہے کہ وہ دفاعی آپریشنوں سے متعلق ذرائع پر مبنی جانکاری کو بھی رپورٹ کرنے سے احتراض کریں۔**

**منشیات**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**.....(PM)....**

**جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے جموں کی ایک معروف سماجی کارکن ٹینا شرما سے بات کی، تو انہوں نے کہا ۔**

**(Tina Sharma)**

**گرفتاری**

**پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے آج آرم پورہ بارہمولہ کے دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ اُن کے قبضے سے کچھ مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی۔**

**من کی بات**

**وزیر اعظم نریندر مودی من کی بات پروگرام کے اگلے شمارے میں کل دن میں 11بجے مختلف موضوعات پر اپنے خیا لات کا اظہا ر کریں گے۔ یہ اس ریڈیو پروگرام کا 121شمارہ ہوگا۔**

**من کی بات کو آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیاجائے گا۔ اصل پروگرام کے بعد علاقائی اسٹیشنوں سے اس کا مقامی زبانوں میں کیا گیا ترجمہ بھی براڈ کاسٹ کیا جائے گا۔**

**DG**

آکاشوانی اور نیوز سروسز ڈویژن کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیا پلیوال گورنے ممبئی میں انڈیا آڈیو سمٹ اینڈ ایوارڈس 2025کی تقریب میں بحیثیت مہمانِ ذی وقار کے طور شرکت کی ۔

اس موقعے پر انہوننے آڈیو انڈسٹری میں تبدیلی نیز ایک عوامی نشریاتی ادارے کی حیثیت سے آکاشوانی کی اہمیت کو اجا گر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ آکاشوانی ملک کے لوگوں کے مفادات کی پاسداری کرتے ہوئے انہیں جانکاری فراہم کرنے اور ا ن کی تفریح کو یقینی بنانے کے مشن پر کام کر رہی ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ کل ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بند رہے گی ۔ ہمارے نمائندے کے حوالے سے خبر دی ہے کہ کل شاہراہ کے NHAI خورشید پڈرو نے پروجیکٹ ڈائریکٹر ٹنل مقامات پر سڑک کے رکھ رکھاو کا کام عمل میں لایا جا رہا ہے ۔ T2 سیری ، کیلا موڑ اور اس لئے مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ کل اس شاہراہ پر سفر نہ کریں ۔

عرس مبارک

پیر محمد افضل وانی کا عرس مبارک چھٹے بانڈے آرہ گام بانڈی پورہ میں کل 27اپریل بروز اتوار کو منایا جا رہا ہے۔ اس دوران وہاں خطمات المعظمات اور درود واذکار کی مجلس آراستہ ہو گی نیز ایک محفل سماع کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ لوگوں سے اس میں شرکت کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

ACB

جمونو کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے جے اینڈ کے آرمڈ پولیس کے سلکشن گریڈ کانسٹیبل دُوشنت شرما کے خلاف آمدنی سے زیادہ اثاثے جمع کرنے کے معاملے میں ایک کیس درج کیا ہے۔

رپورٹ

بھارت نے پچھلے دس برسوں کے دوران 17 کروڑ 10 لاکھ لوگوں کو غربت کے دائرے سے باہر نکالا ہے۔ عالمی بنک کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اُتر پردیش ، مہاراشٹر، بہار، مغربی بنگال اور مدھیہ پردیش نے غربت کو کم کرنے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ بھارت نے روزگار پیدا کرنے کے عمل میں مثبت ترقی حاصل کی ہے۔

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بار ش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ1 ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21اعشاریہ2ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر46 منٹ اور**

**غروب آفتاب شام7بجکر12منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**..............................................**

**..............................**

**.............**